3414

Register Number | | | | | | |

Language — URDU — Paper II

(Composition, Non-Detailed and Grammar)

Time Allowed : $2\frac{1}{2}$ Hours] [Maximum Marks : 100

I - ذیل کے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے : 1 × 15 = 15

1 - قومی راہ نما

2 - اخبار کے فوائد

3 - والدین کے حقوق

II - سالگرہ کے تحفہ کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اپنے چچا کے نام ایک خط لکھئے۔

یا

مدرسہ کے سالانہ جلسہ کی تفصیل بتاتے ہوئے اپنے دوست کے نام ایک خط لکھئے۔ 10

III - ذیل کی عبارت کا اختصار ایک تہائی حصے میں پیش کیجئے : 10

"بیسویں صدی میں ہندوستان کے سیاسی اُفق پر جو مسلم رہنما اُبھرے اور آسمان ملت کا درخشاں ستارہ بن کر چمکے، ان میں قائدِ ملت محمد اسمٰعیل صاحب مرحوم کی تابناکی روزِ روشن کی طرح عیاں ہے۔ آپ کا نام نامی ہمارے ملک کے صفِ اول کے ممتاز مسلم رہنماؤں میں شمار کیا جاتا ہے۔ آپ کا کردار اور عمل ہندوستان کی تاریخ کا وہ سنہری باب ہے جو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا۔ آپ کا جنم تامل ناڈو کے ضلع ترینویلی کے پیٹیائی نامی علاقے میں 5، جون، 1896 کو ہوا۔ آپ کے والد کا نام میاں خان راؤتھر اور والدہ کا نام محی الدین فاطمہ تھا۔ آپ جب سات سال کے تھے تو آپ کے والد کا انتقال ہوگیا۔ آپ اپنی والدہ کے زیرِ سایہ پرورش پائے۔ آپ کو اپنی والدہ سے بے پناہ محبت تھی۔"

[Turn over

IV - درجِ ذیل سوالات میں سے کسی تین کے جواب لکھئے: 3×5=15

1- حامد نے میلے میں کیا خریدا اور کیوں ؟

2- اس کے رشتے دار اسے گود لینے کے بعد وحید میں کیا تبدیلی آئی ؟

3- جاوید نے شاہینہ کو ماں باپ کی قربانیوں کا احساس کسطرح دلایا ؟

4- زہرہ بیگم نے اپنی ذمہ داریوں کو کس طرح پورا کیا ؟

5- انور کے خیال میں ادیب اور افسانہ نگار کس طرح بنتے ہیں ؟

V - درجِ ذیل کے کسی ایک کا خلاصہ لکھئے: 1×10=10

دیوار کا جن یا عیدگاہ

VI - (الف) درجِ ذیل ضرب المثال کا موقعہ استعمال لکھئے: 5×1=5

1- آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا

2- اونچی دوکان پھیکا پکوان

3- ایک انار سو بیمار

4- جب تک سانس تب تک آس

5- حرکت میں برکت ہے

(ب) درجِ ذیل محاورات کے معنی لکھئے: 5×1=5

1- آب آب ہونا

2- باغ باغ ہونا

3- پاؤں پھونک کر قدم رکھنا

4- تارے گننا

5- جان میں جان آنا

VII- (الف) درجِ ذیل الفاظ کے اضداد لکھئے: 5×1=5

دشمن - مسجد - زندہ - دعا - فرشتہ

(ب) درجِ ذیل الفاظ کی جمع بنائیے: 5×1=5

استاد - جذبہ - خدمت - رکن - طریقہ

VIII - (الف) درجِ ذیل الفاظ کی جنس بتائیے : 5 × 1 = 5

موت - شعر - تاریخ - قوم - سپاہی

(ب) بے اور بد لگا کر الفاظ مکمل کیجئے : 5 × 1 = 5

شک - شگونی - صورت - مزہ - درد -

IX - درجِ ذیل سوالوں میں سے کوئی چار سوال حل کیجئے : $4 \times 2\frac{1}{2} = 10$

1 - اسم عام کسے کہتے ہیں؟ اسکی کتنی قسمیں ہیں ؟

2 - تنوین کی تعریف کیجئے اور مثالیں پیش کیجئے۔

3 - جملے کی تعریف کرتے ہوئے اسکی قسمیں بتائیے۔

4 - بناوٹ کے لحاظ سے اسم کی کتنی قسمیں ہیں ؟

5 - صنائع بدائع سے کیا مراد ہے اور اسکی کتنی قسمیں ہیں ؟

6 - درجِ ذیل جملے کی تحلیل صرفی کیجئے :

لڑکی جھولا جھولتی ہے۔